یھدی اللہ لنورہ من یشاء

حق

حق حق

لوائح جامی

تجلیات دل

مطبع ناجی قاسمیہ پریس میں طبع ہوئی

حیدرآباد دکن

۱۳۳۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد ناباری تعالیٰ عز اسمہٗ

حمد اُسکی بشر سے کب ادا ہو ۔ الحمد اُسیکی جب ثنا ہو
اور نعت رسول کبریا کی ۔ حق نے تو وہ آپ ہی ادا کی
آل اور اصحاب نبی کی ۔ اللہ نے تو درود بھیجے
اُنکے ہین جو تابعین کامل ۔ اُنپر بھی سلام حق ہے نازل
حمد و نعت و سلام و صلوٰۃ ۔ بندون سے ہی بیک از محالات
سو ہم کو حکم خود ہی آیا ۔ جب صلوٰۃ علیہ پڑھو اکا
اس حکم کا امتثال ہے یان ۔ ورنہ کسکی مجال ہے یان
اور صلوٰۃ علی محمد ۔ آل اور صحاب پر بھی بے حد

مناجات

بدرگاہ قاضی الحاجات

یارب غفار ہے تو میرا
اور میں ہوں گناہ گار تیرا

ہوتا نہ اگر کوئی گنہگار
کہتا پھر کون تجھکو غفار

بندوں کے نہ عیب گر چھپاتا
ستار لقب کہاں سے پاتا

آدم نے جناں میں جو خطا کی
دنیا اُس کے بدل عطا کی

کی اُسکی خطا سے چشم پوشی
گندم کو دکھا کے جو فروشی

بخشش کرنیکو جب تو آیا
ہم نے تجھے عاصیوں میں پایا

بڑھ کر کوئی اس سے کیا سند لے
نیکی پائی بدی کے بدلے

رحمت تری بڑھ گئی غضب سے
بڑا لکھا ہے یہی امید سے

رحمت کا امیدوار ہوں میں
تقصیر سے شرمسار ہوں میں

اولے بخشش تیری جہان کی
تجھ پر ہے عیان جو کچھ نہان ہے

کس منہ سے کہوں کہ میں ہوں عاصی
تو بخش گنہ سے دے خلاصی

جو بات نہ کہنے کی ہو قابل
مشکل مشکل ہے سخت مشکل

اب تجھ سے مرا سوال کیا ہو
اس بات میں قیل و قال کیا ہو

بیجا رہی روسیاہی توبہ
توبہ توبہ الٰہی توبہ

تیرے فرمان بجا نہ لایا
وہ کام کیا جو جی میں آیا

کی یاد خدا نہ ذکر باری
کاٹی یوں ہی اپنی عمر ساری

امیدوں نے کیا کنارا
جز تیرے نہیں کہیں سہارا

بد ہوں یا نیک ہوں تو تیرا
تو ہے پروردگار میرا

جو نیک ہوں پاس آئیں تیرے
عاصی کس در پہ جائیں تیرے

عاصی ترا کس کے پاس جائے
اس شکل سے کسکو منہ دکھائے

تو نے لا تقنطوا کہا ہے
پھر کیوں ایسا یاس ہمیں کیا ہے

اُدعونی استجب لکم ہے
ظاہر ہیں نشان حق کی کرم

بس ایک وسیلہ ہیں نے پایا
جو سورۂ نور ہیں ہے آیا

تو نور زمین و آسمان ہے
خود نور وجود دو جہان ہے

جس نور کی ہے یہ تو نے تمثیل
اک طاق ہے شیشہ کی ہے قندیل

اسمیں ہے چراغ اک منور
تابان ہے فلک پہ جیسے اختر

لو اسمیں لگی ہوئی ہے روشن
زیتون کا پیڑ ہے رہا ہے

وہ نخل مبارک ایسی جا ہے
شرقی نہ غربی اسکی جا ہے

روغن اسکا ہے صاف ایسا
بالکل آتش سے ہے اچھوتا

ہرگز نہیں اسکو آگ پاتی
خود شعلہ کی ہے وہ تند کاتی

جلتا ہے صفا پہ جسکی کافور
پاکیزگی اسکی نور پہ نور

وہ نور سے اپنے جسکو چاہے
سیدھا رستہ اسے بتائے

بندوں کو خدا نے دی یہی تمثیل — اس نور کی جیسی شمع و قندیل

سب شئی کا علیم وہ خدا ہے — دانا بینا ہے جانتا ہے۔

نااہل کو راز کا سُنانا — اندھے کو چراغ ہے دکھانا

مصباح ہے جان دل ہے قندیل — اور طاقچہ تن ہے اسکی تمثیل

یہہ نور ہی عین ہے شفاعت — ہے ساری جہان پہ جسکی رحمت

ہوتا نہ جہان میں نور پیدا — ہوتا نہ ظہور حق ہویدا

وہ نور محمدؐ ہی جہان ہے — عالم روشن جہان جہان ہے

اس نور نبیؐ ہی کی بدولت — نازل ہوئی انبیا پہ رحمت

دی آدم کو نجات اسی نے — رکھلی حوّا کی بات اسی نے

یوسف کو قید سے نکالا — موسیٰ کو عدو کے گھر میں پالا

طوفان سے نوحؑ کو بچایا — یوسف کو باپ سے ملایا

سلگی جو خلیل کے لیے نار — اس نار کو کر دیا ہے گلزار

یونس کو ماہی سے نکالا | برسوں جس کے شکم میں پالا
ایوب کو دی نجات غم سے | اور نوح کو بحر کے ستم سے
اس نور کی بس یہی ہے عادت | ہم عاصیوں کی کرے شفاعت
آفت سے ہر ایک کو بچائے | محنت سے ہر ایک کو چھڑائے
بخشش کا خدا سے کام لینا | گرتا ہو کوئی تو تھام لینا
پڑھ کر اب اس سے کیا ہو تسکین | دیکھا کیسا تجھے جب ملے دین
دنیا تن اور دین جان ہے | دونوں میں جدائی پھر کہاں ہے
امت جسم محمدؐ ہی سے ہے | اس جسم کی جان جو نبی ہے
تن جان پہ جان سے فدا ہے | کچھ جان سے تن نہیں جدا ہے
اس تن کو ہے جان سے محبت | سو جان کو ہے تن سے الفت
پوشیدہ نہیں ہے جان تن سے | جان پر تن جان ہے تن پردہ
دونوں اک ایک کے ہیں محرم | تن جان سے جان تن سے ہمدم

تکلیفیں ہر تن کی جانکو سہنا
غمخواری مین ہمیشہ سے رہنا

امت کو پناہ ہے نبی سے
جیسی ہے تباہ تن کی جی سے

جس وقت نبی جہان سے اٹھے
محضر لیکے یہان سے اٹھے

امت کو بچانیکا تھا وعدہ
جنت دلوانیکا تھا وعدہ

محشر مین کہیگا جب یہ محضر
ڈہل جائینگے عاصیونکے دفتر

نفسی نفسی وہان کہینگے
اپنی اپنی مین سب رہینگے

فرمائینگے صاحب شفاعت
جوش رحمت سے امت امت

بیچارون پہ رحم کہائینگے وہ
ایک ایک کو بخشوائینگے وہ

امت پہ فدا کیے نواسے
مارے گئے کیسے ہو کے پیاسے

اللہ کی رہ مین ہوگئے قربان
کردی امت کی مشکل آسان

زینب نے دی اپنے سر کی چادر
اور نذر کیا سر برادر

سجاد نے کی قبول زنجیر
امت کی رہائی کی تھی تدبیر

پایا جو حرم نے قید خانہ
عاصی امت کا تھا چھڑانا

مشکلین کسو الین بی ہونی
دی ہمکو خلاصی قید یون نے

جو کچھ کرنا تھا کر گئے وہ
امت کے لئے گذر گئے وہ

سب کچھ تھا نور کی بدولت
امت کے لئے سہی مصیبت

یارب اس نور کی قسم ہے
اور اسکے ظہور کی قسم ہے

اس نور محمدی کا صدقہ
پیاری آل نبی کا صدقہ

حق راضی ہے انکی جو رضا ہو
کرتا ہے نبی نے جو کہا ہو

رکھتے ہیں ایسی کچھ وہ قدرت
صاحبزادون کو کی وصیت

اعمال سے درگذر نکرنا
رشتہ پہ مرے نظر نکرنا

رشتے ہیں اگرچہ ہونی کے
وان ساتھ نہیں کوئی کسی کے

ہان ساتھ فقط عمل رہینگے
اچھے ہون تو پھل ملینگے

فرمان خدا ہے فرض سب کے
مانے سے اطاعت ہون یا ہون کافر

جیسا جو کرے وہ ویسا پائے
جو جمع کیا وہی اٹھائے

اللہ کو عاجزی ہے مرغوب
اسکو تو ہے التجا ہی مطلوب

در کو کہا - دار کو سنا لے
اس فقر کو اہل فقر جا لے

مین کون ہون میری کیا حقیقت
ہین مجھکو تیری ہی کی ہے وصیت

بندہ ہون گناہ گار تیرا
گر خیر سے تھا نہ تو ہے میرا

تو فضل کر اپنا مین ہون تیرا
تو عدل سے اپنے دے تباہی

جتنے ہین میرے عمل کے دفتر
خط عفو کا کھینچ ان پہ یکسر

تو میری خطا سے درگذر کر
تو اپنی عطا پہ ہی نظر کر

تیری تو شکستہ دل پہ ہے مہر
سب سے ہے شکستہ تر میرا دل

تجھ سے ہی نہ کسی کو مانگتا ہون
مین تجھ سے تجھی ہی کو مانگتا ہون

تو خود ہو اگر میری کمائی
دنیا ہے میری میری خدائی

در وصف حضرت شاہ خاموش چشتی صابری نور اللہ مرقدہ و حضرت محمد شاہ ہاشم حسینی و پیر اصغر حسینی چشتی صابری عم فیوضہما

بندہ ہے وہی جو ہم نے جانا — جس نے آقا کو اپنے مانا

مجھکو ہے عقیدت شاہ کی — دل بستہ ہے جنکی ہر تمنا

نام پاک انکا شاہ خاموش — تھے خانۂ صابری کے ہم دوش

گر ان کا سخن کوئی سنا ہو — خوشنمائی سخن چشتی ہی سے تھا جو

خاموش کا جانشیں ہے جو تھا — اور رشد میں جس کا سہرا سب سے اونچا

حضرت کے ہیں جانشین باکرام — سید ہاشم حسینی ہے نام

ہیں صاحب فیض و ذکر میں مست — خاموش ہے وہی نہیں چلا

صاحبزادے ہیں انکے اصغر — ہیں اپنے طریق میں وہ یکسر

پیر اصغر ہے نام جن کا — اللہ کرے آستاں یوں انکا

ان کو ملی باپ سے خلافت
یا رب دونوں ہیں باسلامت

وہ پھول ہیں صابری چمن کے
لب ہیں خاموشی کے دہن کے

وہ نور ہیں اور یہ نور کی ضو
وہ شمع ہیں یہ شمع کے ہیں پہلو

اسرار ازل سے ہیں سینے انکے
گنج عرفان سفینے انکے

رخ سے ہے معرفت برستی
آنکھوں سے ٹپک رہی ہے مستی

وہ جس پہ نظر اٹھا کے پھیریں
چھوڑا انکو بنا کے چھوڑیں

کوئی دل پہ لگا کے دیکھے
کچھ پتہ سا ہو جیسے وہ آکے دیکھے

پابند شریعت محمد
رہبر و طریقت محمد

اور خلق محمدی کے عامل
عرفان کے حقیقتوں میں کامل

چشتی اور قادری گھرانا
اور چشت میں صابری گھرانا

ہے دونوں طریق کی اجازت
حافظ سے ملی دکن کی خدمت

عرفان کا ہے بات بات رستہ انکی
سائل کا جواب صحیح رستہ انکی

وہ گفت و شنید کیا سنا و بیاں
ہیں قابل دید کیا بتاؤں

دل وہم و دید و دلکا کہیں بیاں
ہو حق کا ہی نام سے سبیل ہے یاں

دل کو تار نفس سے ہے شغل
دو دید و دلکی پتلیوں کا ہے محل

وہ نور جواں ہیں جلوہ گر ہے
اللہ کے نور کی نظر ہے

اس نور کا جان و دل میں ہے جوش
ہر سمت سے ہے صدا کہ خاموش

در وصف حضرت استادی جناب سید خلیل صاحب ہروی قدس سرہ العزیز

برسوں رہا گرچہ فیض استاد
پر حرف الف ہی رکھا یاد

حاجی سید خلیل ہروی
اولاد علی و آل موسیٰ

علم فقہ و حدیث و تفسیر
اور شرع محمدی تھی جاگیر

اور علم تصوف و حقیقت
انکے گھر کی تھی خاص دولت

تھی اپنے ہی جد سے بہرہ مندی
تھا سلسلہ انکا نقشبندی

جد ہیں جن کے حسینی سادات
تھے صاحب کشف اور کرامات

ہے گلشن راز جنکی تصنیف
مشہور جہان ہے جسکی توصیف

بیعت کا شرف مجھے چکھایا
رستہ اللہ کا بتایا

دل میں روشن کیا ہے ایمان
کافر کو بنا دیا مسلمان

یارب دے انکو جنت آباد
ہیں آل نبی پہ بھیج صلوات

بندگانعالی متعالی خلد اللہ ملکہ

قصیدہ

در مدح قدر قدرت سکندر شوکت ذوالاقتدار ذوالحشمت
فریدون فر خداوند نعمت اعلیحضرت اقدس شہریار دکن ظل سبحانی
آصف سابع نظام دکن جی سی ایس آئی مظفر الملک

ہم انپہ فدا بہ جان و تن ہیں — جو ساتویں آصف دکن ہیں
عثمان علی ہیں جنکے حامی — عثمان علی ہے نام نامی
اللہ رکھے اُن کو تا قیامت — سر پر مخلوق کے سلامت
راضی اُن سے ہے سب زمانا — کیا اپنا اور کیا بیگانا
قربان کرتا ہے کوئی سر کو — کرتا ہے نثار کوئی زر کو
گھر اور عیال سب ہے حاضر — جان و زر و مال سب ہے حاضر
ہر ایک کو دل رہی ہے عزت — اک ایک کو دیتے ہیں خلعت

کمسنی میں کہ تھا سا ہیں وہ
پدر و جد کے سوگوار ہیں وہ

آیا واپس وطن کو گویا
تھا وہ اپنے چمن کو رکھتا

ڈالا جس پر جیون کا سایا
چاہا جیسا اُسے بنایا

قصہ ایسا نہیں کہ دیا گو
اُمرا سے وطن میں سب تھا گو

تھا یا پانچ برس کا سن
اور علم کی ابتدا کے تھے دن

جب سے مجھے آگہی بتلائی
کا تیرہ برس تھا ئی

اس وقت سے مجھ پہ تھا
بیحد سرکار کی یہ شفقت

قسمت میں جسقدر تھا لکھا
شہزادہ نکال رہا ہے صدقا

اس سے بڑھکر نہیں ہے کوشش
وہ مجھ پہ ہیں مہربان ہیں بیش

کس منہ سے شکر ہو ادا ہو
بہتر ہے کہ میں رہوں دعاگو

گذرا اک سال جب ہے
ہیں تخت نشین وہ ملک سے

یہ پہلی کرہ پیڑی ہے جسکی
تالیف ہے یادگار اسکی

یہہ سال جلوس ہے جو پہلا
سنئے پہلا مرا قصیدہ

قصیدہ

کس گل کی مہک چمن چمن ہے　　کس نافہ کی بو ختن ختن ہے
کس مست کی تاک میں ہے نرگس　　پھولی کیوں آج یاسمن ہے
کس غیرت گل کی آرزو میں　　لالہ نسرین و نسترن ہے
بلبل ہے ترانہ سنج کس کا　　طوطی کیوں آج نغمہ زن ہے
یاقوت بھی سرخرو ہی کس سے　　کس در کی ضیا عدن عدن ہے
سو جان سے فدا ہے کسپہ مرجان　　کس لعل کی ضو یمن یمن ہے
کس کا ہے زبان زبان ترانہ　　نغمہ سنجی دہن دہن ہے
یہہ کسکی ہے جا بجا منادی　　کسکی شہرت وطن وطن ہے
عشرت عشرت کی دھوم گھر گھر　　نغمہ نغمہ دہن دہن ہے

پھولا ہے آج گل سمانا — کیوں جسم پہ تنگ پیرہن ہے
واعظ وہ ہوا تو گل کہلایا — جس گل سے یہ شہر دکن ہے
غنچوں کو دیا صبا نے مژدہ — پھولا گل شوق سے چمن ہے
کلیاں چٹکی ہیں سب چمن میں — خنداں لب ایک کا دہن ہے
شاخوں پہ چہکتی ہے بلبل — سوسن کی زبان پہ سخن ہے
وہ مہر سپہر شہریاری — جلوہ افروز انجمن ہے
ہر گل میں ہے جسکی عطر بیزی — نکہت جسکی چمن چمن ہے
جس گل کی شمیم مشکباری — نسبت چین و خطا ختن ہے
ماہ و خورشید و ہفت کشور — جسکے بازو کا نورتن ہے
باذل عادل سخی دلاور — سلطان زمان شہ زمن ہے
وہ کون؟ شہ نظام عثماں — ظل سبحان فی الزمن ہے
چاروں طرف سحاب سایہ گستر — ہر دم تا مہر پرتو فگن ہے

تاج و تخت شہی کا مالک — سلطان قلمرو دکن ہے
اونچے اعلیٰ گدا تونگر — سب کے لب پہ یہی سخن ہے
اے تخت نشیں تمہیں مبارک — مذکور بھی وہیں وہیں ہے
سب کا ہے دعا میں ایک مطلب — یکدل ہر شیخ و برہمن ہے
کعبہ و کنشت اور کلیسا — سب جا پہ یہ دعا ہی سخن ہے
جب تک اس کے نور جہاں میں — نقشہ مہ و مہر کا دلیں ہے
رفعت پہ فلک کے اختر — اختر جب تک ضیا فگن ہے
دریا میں صدف صدف میں گوہر — جبتک گہر اور عدن ہے
جبتک نیسان سے ہر صدف کا — موتی سے بھرا ہوا دہن ہے
جبتک سبزہ ہرا بھرا ہے — جبتک گلزار یہ چمن ہے
جبتک ہے نوائے عندلیبان — جبتک گل سرخ پیرہن ہے
سرسبز رہے یہ باغ آصف — جبتک گل و بلبل و چمن ہے

یا رب ہے یہ چراغ روشن | جب تک خورشید ضو فگن ہے

دل بھی شاہ دکن کے حق میں
مصروف دعا بجان و تن ہے

در وصف نواب مستطاب معلی القاب عالیجناب
میر یوسف علیخان بہادر سالار جنگ وزیر اعظم دکن دام اقبالہ

خامہ کی ہے دور بالکا دستور
مدح سلطان و وصف دستور

اللہ کے بعد ظل سبحان | اور شاہ کے بعد شہ کی دیوان
دنیا میں بھی ہیں ہما وسیلے | مخلوق کی پرورش کے حیلے
دستور ہے دل تو جان ہے شہ | جسم و اعضا ہیں خلق اللہ
مخلوق ہے اسیر وہ شامل | اور شاہ سے بھی ادھر ہے واصل
دستور کو خدمت قلمدان | گویا ہے تقیس گنج فرمان

فرمان شہی قلم ہے جسکا — احکام شہی قلم ہے جسکا

منشی کی قدر دانی ہی کی ہے کام — دستور عمل اُسی کا ہے نام

دستور کا دستاویز نامہ — ہے شاہ کی آئین پہ عملہ

جنبش میں اگر آوے سلطان — ہو شاہ کی آئین بھی جنبان

ثالث آصف کہ تھے جوان — اول سالار جنگ ذی شان

رانی جس سے تھی دونوں سرکار — دربار تھے جن سے دونوں دربار

رکھا قانون کا ایسا دستور — مختار کے آگے سب تھے مجبور

قانون کا چلن انہیں سے نکلا — اور نظم دکن انہیں سے نکلا

مشہور جہاں ہے جسکی توصیف — تاریخ دکن سے ہے جو تشریف

خدمت کی ہر ایک کو جزا دی — غفلت کی ہر ایک کو سزا دی

روشن کیا جسنے علم وفن کو — ذی علم سے بھر لیا دکن کو

کچھ میری غلط نہیں ہے یہ بات — حاضر ہیں دکن میں چند حضرات

رہتی تھی جنکی یہ سب باغ و باغی — ظاہر ہے سبھا سے عشق باقی
اس وقت لکھی گئی تھی پیشین — نام انکا سنو یوسف علی خان
تھی جن کی جنم بھومی کے بالا — دیوان جو ہے گھر کا سنبھالا
لکھے ہیں صحیح تھے نام میں جا — شہرت تھی ہوئی بہ شہ یاں آفاق
جب شعر کہے ہوئے ہیں گم پیدا — پایا تھا خطاب سا اللہ
اس بن میں سہرا لکھے اپنی خدمت — جس سن میں تھا لکھے پائی خدمت
آئی انہی گھر میں گھر کی دولت — جاگی تھی خاندان کی قسمت
علم و ہنر و فن و لیاقت — اصل و نسل و شرف و کاوشت
اللہ کی عطا ہے خیرات — اس وقت کیا ہے یہ ہمت
رہتے ہیں سب اور شامل — دی حق نے یہ زندگی و عاقل
یوسف کا دکن میں تھا گھرانا — دیوانی ہی ہے خود لکھنا
سن فضل سے اپنے در نگر میں — یہ عدل سے اپنے درنگ ذات

شہ پر اللہ کی عنایت — دستور پہ شاہ کی عنایت
آباد دکن کے ہوں راضی — اور شاہ دکن ہوں انسے راضی

سبب تالیف کتاب

انسان کو شغل لازمی ہے — جو کام کرے وہ آدمی ہے
ملتی ہے کبھی مجھے جو فرصت — آجاتی ہے نظم پہ طبیعت
تھوڑا تھوڑا ہر ایک ہے کام — آہستہ سے پا رہا ہے انجام
مقصود نہ طبع آزمائی — منظور نہ عقل کی رسائی
اللہ والوں سے تھی محبت — پینتیس برس کی انکی خدمت
پارس تو ملا پہ نہ سونا — پتھر قسمت ہی میں تھا ہونا
دریا میں رہا تو سنگ آسا — قطرہ نہ ملا رہا پیاسا
صحبت میں خدا نے دی تاثیر — گر خاک بھی ہوتے وہ اکسیر
کی میں نے بہت سی خاکساری — چھائی اس تن میں خاک ساری

تاثیر حنائی کا ملون کی / بو تک بھی نہ آئی ان گلونکی

کیا کر سکے خاک بو کی تمیز / جو اصل مین اپنی خود ہو ناچیز

اورون کو ہوا ہے بوسی اظہار / گویا ہون مین خاک کوئی عطار

احباب نے کرکے مجھکو مجبور / یہہ کہکے دی اک کتاب مشہور

جامی کی کتاب ہے لوائح / لکھو اردو مین یہہ نصائح

کرتا تھا مین شعر مین لگن کی / اُس وقت اُسی سی دل لگی تھی

اس بحر مین لکھا مثنوی کو / وزن اُسکا پسند آیا جی کو

منظوم کئی ہین صرف معنی / موزون کرنے کو سہل جانا

آسان سمجھا تھا ابتدا مین / مشکل ہوئی چلکے انتہا مین

اصلا نہی آشفتہ طبیعت / اور بحر مین پائی کچھ نہ وسعت

فطرت تو ہے جزو کل مین سب جا / قطرہ کو بھی بحر کا ہے دعوا

جرات نے اٹھا لیا قلم کو / ہمت نے بڑھا دیا قدم کو

گو ہوں نہ یا ہوں شعر شاعرانہ
پر دل میں ہے ذوق عاشقانہ

اس میں کچھ نقص و عیب اگر ہو
امید کہ اس سے در گذر ہو

آئے جو پسند بات میری
اتنا ہے کہ ہو نجات میری

چھلی ہے گرہ جلوں شعر کی
تالیف ہے یادگار میری

مدح شہ اس کی مشتمل ہے
نام اسکا تجلیات دل ہے

منظوم اک شرح بھی ہے اسکی
ہے نثر میں ان لگن کی دو بھی

یہ گل ہے تو وہ چمن ہے اسکا
خمخانہ دل میں بس ہے اسکا

۱۳۲۱

یهدی الله لنوره من یشاء

حق

حق حق

لوائح جامی

تجلیات دل

مطبع تاجی قاسم پریس میں طبع ہوئی

حیدرآباد دکن سنہ ۱۳۳۱ھ

بسم اللّٰه الرحمن الرحیم

الٰهی لا احصی ثناءً علیک کیف
وکل ثناء یعود الیک
جل عن ثناء جناب
قدسک انت کما اثنیت
علی نفسک

خداوندا سپاس تو بزبان نمی آریم و ستایش تو
بر تو نمی شماریم هرچه در صحائف کائنات از جنس اثنیه
و محامد است همه بجناب عظمت کبریائی تو عاید است

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یارب جو حمد و ثنا ہے تیری — گننے کی نہیں مجال میری
امکان ثنا نہیں ہے مجھکو — سب تک کہ پہونچ رہی ہے مجھکو
تو نے جو حمد اپنی کی ہے — حق یہ ہے کہ حمد بس یہی ہے
کم حمد و ثنا ہے میری — ذیشان ہے بارگاہ تیری

یارب قاصر زبان ہے میری — کسطرح کریگی حمد باری
کب تیری سپاس کے ہے قابل — خود اپنے ہی عجز کی ہے قائل
صفات جہاں میں جتنی توصیف — ہے عظمت کبریا کی تعریف
حاجت کسیکی ہو سب خدائی — ہو تیری ہی شان کبریائی

از دست و زبان ما چه آید که سپاس جز دست ستایش تو ستایش

تو چنانی که خود گفته دگر هر ثنا را که آن گفتست که غیر تو ست

رباعی

آنجا که کمال کبریائی تو بود
عالم نمی از بحر عطائی تو بود

ما را چه حد حمد و ثنای تو بود
خود حمد و ثنا و سزای تو بود

جائیکه زبان آور انا افصح العرب
والعجم علم فصاحت انداخته و بقصور ا
دا و ثنای تو عاجز شناخته جز شکسته زبانی
را چه امکان زبان گشائی - و هر آشفته
زبانی را چه یارای سخن آرائی - بلکه اینجا اظهار
اعتراف بعجز و قصور عین قصور است - و زبان مروت
وفا و درین وادی مشارکت جستن از خصوص ادب ...

ہم کریں جو سو تیری ثنا گو — بے وسعت زبان کہاں وہ
شکر کیا ہو کرے تیری ستایش — تیری ہی جہان جہاں ستایش
شکر تیرا ادا ہی ثنا ہے — تو نے ہی ایسے پرو لیا ہے
مجبور ہیں جانے کمال کبریائی — اس عجز کا نام ہے بڑائی
ہم میں کب قدرت ثنا ہے — خود قدرتی نے تیرے کیا ہے
لاکھ ہو عجب عجم عرب سر جھکا — سمجھا ہمارا ہاتھ اٹھا جب ہی گر کر گیا
ایسے اسم کا ہے بیان میں — سمجھا کا ہے یہاں نشان ہو
واجب ہو جہان قصہ آرا — سمجھا ہی زبان کو کس کی یارا
ٹوٹی پھوٹی زبان والے — کچھ کلمے بیان والے
ایسی حالت ہے جو ہماری — کس منہ سے کریں ثنا تمہاری
اظہار خطا یہاں خطا ہے — شرکت ہو رہے ناروا ہے
اب عذر گناہ قصور ہو یاں — شرکت ہی کی وجہ دو زبان

رباعی

من کیستم اندر چه شمارم چه کسم
تا آنکه سری سگانش باشد هوسم
در قافله که اوست دانم نرسم
این بس که رسد ز دور بانگ جرسم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَاشِرِ لِوَاءِ الْحَمْدِ وَصَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الْفَائِزِیْنَ بِبَذْلِ الْمَجْهُوْدِ وَنَیْلِ الْمَقْصُوْدِ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا۔

اِلٰهِیْ اِلٰهِیْ خَلِّصْنَا عَنِ الْاِشْتِغَالِ بِالْمَلَاهِیْ وَاَرِنَا حَقَائِقَ الْاَشْیَاءِ کَمَا هِیَ

ناچیز ہوں کس شمار میں اب	جسکے گنتی کا ساتھ بھی دو دن
بہت سے دور اُسکا قافلہ ہے	اور پست ہمارا حوصلہ ہے
اس قافلے تک ہوس ہی پہونچے	ایسا یا تک کسی ہی پہونچے
یارب جو حبیب ہیں محمدؐ	پہونچا اُن پر درود بیحد
صلوات خدا اُسے بجا ہے	وہ حمد کا ناصب لوا ہے
جسکو ہے عطا مقام محمود	اُمت کی شفاعت اُسکی مقصود
آل و اصحاب ہیں جو فائز	اُن پر بھی درود حق ہے جائز
اللہ و رسول کے ہیں پیارے	ہم عاصیوں کے ہیں سہارے
بیحد بیحد اور دقتوں سے	پایا مقصود محنتوں سے
بیجا اُنپر سلام پہونچا	ہر دم ہر صبح و شام پہونچا
دنیا سب کھیل ہے تماشا	اُس سے ہمکو بچا خدایا
اس لہو و لعب سے تو بچا دے	اشیاء کی حقیقتیں دکھا دے

گشاده غفلت از بصر بصیرت ما بگشا۔ و هر چیزی را چنانکه هست بما بنما۔ نیستی را در صورت هستی بر ما جلوه مده۔ و از نیستی بر جمال هستی خود پرده منه۔ این صور خیالی را آئینه تجلیات حسن جمال خود کن۔ نه علت حجاب و دوری۔ و این نقوش وهمی را سرمایهٔ دانائی و بینائی ما گردان۔ نه آلت جهالت و کوری۔ محرومی و مهجوری ما همه از ماست۔ ما را با ما مگذار۔ و ما را از ما رهائی کرامت کن۔ و با خود آشنائی ارزانی دار۔

رباعی

یارب دل پاک و جان آگاهم ده
آه شب و گریهٔ سحرگاهم ده

در راه خود اول ز خودم بیخود کن
آنگه بیخود ز خود بخود راهم ده

آنکھوں سے اُٹھا حجاب غفلت | روشن کر دیدۂ بصیرت
جو چیز ہو جیسی فی الحقیقت | ہمکو تو دکھا دے اُسکی صورت
جلوہ اس ہستی کا ہم پر | ہو جائے کہیں نہ نیست یکسر
اپنی ہستی پہ نیستی کا | ہرگز ڈالے نہ رکھ تو پردا
ہیں ساری یہ صورتیں خیالی | مرآت تجلی جمالی
ان سے پائیں تری حضوری | بنجائیں کہیں نہ وجہ دوری
یہ نقش ہیں جو وہم کی ہے کھینچی | دانش کی بنا ہماری پوچی
سارے یہ نقوش رنگ والے | اندھے پن سے ہمیں نکالے
ہیں ہم سے بچھڑ رہا اور محروم | ہم ایسے ہیں ہوا یہ مفہوم
ہمکو ہم سے رہا تو کردے | اور اپنے آشنا تو کردے

دل پاک دے اور جان آگہ | آہ شب و گریۂ سحرگہ
اول مجھ سے مجھے بھلا دے | پھر ہستی میں اپنی رہ دکھا دے

رباعی

یارب همه خلق را بمن بدخو کن
وز جمله جهانیان مرا یکسو کن
روی دل من فکن ز هر جهتی
در عشق خودم یکجهت و یکرو کن

رباعی

یارب بیأسیم ز حرمان چه شود
راهی بدهیم بکوی عرفان چه شود
بس گبر که از کرم مسلمان کردی
یک گبر دگر کنی مسلمان چه شود

رباعی

یارب ز دو کون بی‌نیازم گردان
وز افسر فقر سرفرازم گردان
در راه طلب محرم رازم گردان
زان ره که نه سوی تست بازم گردان

تمهید

این رساله‌ایست

مسمی به لوایح در بیان

بچھو وا اپنے سے آپ ہو کر
یوں راہ تری خودی کو کھو کر

سب کو بد خو مرا بنا کر
سب سے یکسو مرے خدا کر

پھر سب سے پھیر دل کو میرے
سب کے دل ہاتھ میں ہیں تیرے

اپنی الفت میں مجھکو یکسر
یکسو کر رو بیک جہت کر

حیران سے میں بچا ہی لیتا
کوئی عرفان دکھا ہی دیتا

جو گبر تھے کافروں میں شیطان
تو نے سبکو کیا مسلمان

اک گبر جو رہ گیا ہے پنہان
اسکو بھی تو بخش دیتا ایمان

کونین سے بے نیاز کر دو
اور افسر فقر سر پہ دھر دو

کر راہ طلب میں مجھکو محرم
اسرار سے رکھ مجھے تو ہمدم

تجھ تک جو راستہ نہ ہووے
اس راہ سے مجھکو پھیر ہی دو

تمہید

یہ ایک رسالہ ہے لوائح
اسمیں عرفان کے ہیں نصائح

معارف و معانی کہ بر الواح اسرار و ارواح ارباب عرفان و اصحاب ذوق و وجدان لائح گشتہ بعبارات لائقہ و اشارات رائقہ متوقع کہ وجود مقصدئی این بیان را نہ بینند۔

و بر بساط اعراض و سماط اعتراض ننشینند۔ چہ او را درین گفتگو نصیبی جز منصب ترجمانی نیست۔ و بہرہ غیر از شیوہ سخن رانی نے۔

رباعی

من ہیچم و کم ز ہیچ ہم بسیارے
از ہیچ و کم از ہیچ نیاید کارے
ہر سر کہ ز اسرار حقیقت گویم
زانم نبود بہرہ بجز گفتارے

ہے شرح معارف و معانی | اسرار ہیں اس میں سب نہانی
ارباب شہود و اہلِ عرفان | ق | اصحاب مذاق و اہلِ وجدان
یہ لوگ ہیں صوفیانِ کامل | علم باطن تھا ان کو حاصل
اسرار بھرے ہیں سینے انکے | گنجِ عرفان سفینے انکے
روشن ان پر جو کچھ ہوا ہے | ہمنے ظاہر اسے کیا ہے
لائق فائق عبارتوں میں | پاکیزہ و صاف استعاروں میں
کاتب کو حروف سے نہ دیکھو | اور اسکے بیان سے منہ نہ پھیرو
اور کیجے نہ اعتراض اسپر | عارف کو ہے اعتراف جسپر
گویا وہ ہیں لفظ میں زبان ہوں | صرف انکے بیان کا ترجمان ہوں
سچ پوچھو تو ہیں وہی سخندان | یاں صرف ہے شیوہ سخن دان

میں ہیچ ہوں اگرچہ سب سے کمتر | ہے ہیچ کا ہیچ کام اکثر
اسرار خدا جو کھولتا ہوں | عارف ہی کے قول بولتا ہوں

رباعی

در عالم فقر بی‌نشانی اولی
در قصهٔ عشق بی‌زبانی اولی
زان کس که نه اهل ذوق و اسرار بود
گفتن بطریق ترجمانی اولی

رباعی

سفتم گهری چند چو درج عرفان
در ترجمهٔ حدیث عالی‌شانان
باشد ز من مهجوران معتمدان
این تحفه رسانند بشاه همدان

لائحهٔ اول

مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهٖ

حضرت بیچون که ترا نعمت وجود داده است در درون تو جز یک دل ننهاده است تا در محبت او یکروی باشی و یکدل۔ و از غیر او معرض و بر او مقبل نه آنکه یکدل را بصد پاره کنی۔ و هر پاره را در پی مقصدی آواره کنی

ہے عالمِ فقر لامکانی | بہتر اس جا ہے بےنشانی
کچھ اور ہے عشق کی کہانی | لازم اس میں ہے بےزبانی
نا اہل سے راز کیا کہوں میں | بہتر ہے جو ترجماں ہوں میں
مشغلہ دشمن دل و خردمند | میں نے موتی پرو لیے چند
جبکہ مانا ہوا بیان ہے | یہ شرح اسی کی ترجمان ہے
اس ہیچمدان کا معتقد ہے | شاہِ ہمہ دان کو تحفہ بھیجے

تجلی پہلی

دنیا میں خدا نے آدمی کو | اک سینہ میں دل نہیں دیے دو
جو نعمتِ حق تجھے عطا ہے | اور ایک ہی دل تجھے دیا ہے
تا عشق میں اس کے ہو کے یکرو | دل کو رکھے تو اسی سے یکسو
منہ پھیر کے اپنا ماسوا سے | اور رکھے لگی ہوئی خدا سے
کرتا ایسا نہ تو خدارا | اس ایک ہی دل کو پارا پارا

رباعی

ای آنکه بقبله بتان روست ترا / بر مغز چرا حجاب شد پوست ترا
دل در پی این و آن نه نیکوست ترا / یک دل داری بس است یک دوست ترا

لائحهٔ دوم

تفرقه عبارت از آنست که دل را بواسطهٔ تعلق بامور متعدده پراگنده سازی۔ و جمعیت آنکه از همه بمشاهدهٔ واحد پردازی۔ جمعی گمان بردند که جمعیت در جمع اسباب است در تفرقهٔ ابد ماندند۔ و فرقهٔ بیقین دانستند که جمع اسباب از اسباب تفرقه است و دست از همه افشاندند۔

قبلہ ہی تون کی سمت تیرا ہی مغز کا پوست تیرا پردا
کیا کیا دل مین تیرے ہوس اک دل ہی تو ایک پارس ہے

تجلی دوسری

سمجھو تم تفرقہ کا معنی دلکو ہر جائی سے ہٹانا
جمعیت کا معنی جانو سب پر بس ایک ہی نظر ہو
بعضوں کا یہان گمان یہی ہی جمع اسباب دنیوی ہے
جو سمجھے ہین جمع کا معنی اسباب جہان کا جمع کرنا
بس تفرقہ ابدیین ہین وہ گمراہ ہین راہ بدین ہین وہ
اور جس نے یقین سے یہ جانا اس جمع کو صدق سے یہ مانا
یعنی اسباب وار دنیا یہ شخص ہی سب ہی تفرقہ کا
لو اپنی لگا کے اپنے رب سے دھو بیٹھے ہین اپنے ہاتھ سب سے

رباعی

ای در دل تو هزار مشکل ز همه
مشکل شود آسوده ترا دل ز همه
چون تفرقهٔ دلست حاصل ز همه
دل با یکی سپار و بگسل ز همه

رباعی

مادام که در تفرقهٔ وسواسی
والله تو نه ناس بلی نسناسی
ور زبده اهل جمع شر الناسی
نسناسی خود ز جهل نشناسی

رباعی

ای سالک ره سخن ز هر باب مگوے
جز راه وصول رب ارباب مپوے
چون علت تفرقه است اسباب جهان
جمعیت دل ز جمع اسباب مجوے

تیرا دنیا میں لگ گیا دل — اس میں ہیں طرح طرح کی مشکل
اسباب جہاں جہاں جہاں ہے — دل کو آسودگی کہاں ہے
ہے تفرقۂ دل کا سبب حاصل — سب چھوڑ کے دیدے ایک کو دل

جب تک اس تفرقہ میں تو ہے — وسواس کی تیرے میں بو ہے
مذہب یہی اہلِ جمع کا ہے — انسان میں سب سے تو بڑا ہے
انسان انسان نہیں کہینگے — نسناس میں تجھے گنینگے
نادانی سے اپنی ہے تو جاہل — نسناسی سے ہے اپنی غافل

ایسا الگ رہ بنا نہ پائیں — گمراہی کی ہیں سب یہ کہانیں
جز راہِ خدا گذر نہ کرنا — اس راہ سے درگذر نہ کرنا
اسباب جہاں سے ہاتھ دھو کر — ساری ہی یہ تفرقہ کی علت

جمع اسباب میں تو تو ہے
جمعیتِ دل کی جستجو ہے

رباعی

ای دل طلب کمال در مدرسه چند ... تکمیل اصول و حکمت و هندسه چند
هر فکر که جز ذکر خدا وسوسه است ... شرمی ز خدا بدار این وسوسه چند

لائحهٔ سوم

حضرت حق سبحانه تعالی همه جا حاضر است و در همه حال بظاهر و باطن ناظر است زهی خسارت که تو دیده از لقای او بر داشته سوی دیگر نگری و طریق رضای او بگذاشته راه دیگر سپری ؛

اے دل کب تک رہیگا طالب | ہے ذوق کمال تجھ پہ غالب
کیا تجکو ملے گا مدرسہ مین | حکمت و ریا اصول و ہندسہ مین
جس فکر مین ہو نہ ذکر باری | وسواس کی فکر ہے وہ ساری
بچتا وسواس کی بلا سے | کچھ تو شرما ذرا خدا سے

تجلی تیسری

وہ حق سبحانہٗ تعالیٰ | سب جا موجود رہنے والا
سب کے باطن ہون یا ہون ظاہر | ان پر سب حال مین ہے ناظر
صد حیف تو اسمین پائے نقصان | پھر جائے تو جائے تیرا ایمان
منھ پھیر کے یار کے لقا سے | آنکھ اپنی لڑا ہے ماسوا سے
اور اسکی رہِ رضا کو چھوڑے | منھ اور ہی سمت اپنا موڑے

بھٹکے جو تو راہ سے چلتے چلتے
رہ جائیگا ہاتھ ملتے ملتے

رباعی

آمد سحر آن دلبر خونین جگران — گفت ای ز تو بر خاطر من بار گران

شرمت بادا که من بسویت نگران — باشم تو نہی چشم بسوی دگران

رباعی

ماییم براه عشق پویان همه عمر — وصل تو بہ جد و جهد جویان همه عمر

یکچشم زدن خیال تو پیش نظر — بهتر که جمال خوبرویان همه عمر

لائحہ چہارم

ماسوای حق عزّ و علا در معرض زوال است و فنا حقیقتش معلومیست معدوم ـ و صورتش موجودیست موهوم ـ دیروز نه بود و داشت و نه نمود و امروز نمودیست بی بود ـ و پیداست که فردا از وی چه خواهد گشود

خوبین جگر دن کا یارِ دلبر — بولا اک صبحدم یہ آکر
تجھسے ہوئی جان و تن ہماری — دلبر ہے اسی کا بوجھ بھاری
شرما تو ہے خطا پہ اپنی — نازان ہے تو اس ادا پہ اپنی
تجھ پہ تو رہے نگاہ میری — اغیار پہ ہو نگاہ تیری

ہم عشق مین اپنی عمر کھو ہین — اور وصل مین جان سے ہاتھ دھو ہین
آنکھوں مین خیال اسکا پل بھر — عالم کے جمال سے ہے بہتر

تجلی چوتھی

خلاق جہان کے جو سوا ہے — بس اسکو زوال ہے فنا ہے
اعیان مین ہے حقیقت اسکی معلوم — خارج مین جو واں کا معدوم
اعیان مین ہے صورت اسکی مفہوم — عالم مین خیال کے ہے موہوم
کل اسکا نمود تھا نہ کبھی بود — ہے آج نمود غیر موجود
اس بود و نمود سے ہے پیدا — کل دیکھیے اس سے کیا کھلیگا

زمام انقیاد بدست آمال و امانی چه دهی۔ و پشت اعتماد بر این مزخرفات فانی چه نهی دل از همه برکن۔ و در خدای بند۔ و از همه بگسل و با خدای پیوند او ست که همیشه بود۔ و همیشه باشد۔ و چهره بقایش را خار هیچ حادثه نخراشد۔

رباعی

هر صورت دلکش که ترا روی نمود ۔ خواهد فلکش زود ز چشمت بربود
رو دل بکسی ده که در اطوار وجود ۔ بوده است همیشه با تو و خواهد بود

رباعی

رفت آنکه بقبله بتان رو آرم ۔ حرف غمشان بلوح دل بنگارم
آهنگ جمال جاودانی دارم ۔ حسنیکه نه جاودان از آن بیزارم

ارمانوں میں تو کیوں گھرا ہے	کیوں دار فنا کا مبتلا ہے
فانی یہ کیا ہے کیوں بھروسا	ہیں سب یہ مُزخرفات بیجا
دنیا سے تو اپنا دل اُٹھا کر	اللہ سے اسکو آشنا کر
ہاتھ اپنا جہان سے اُٹھا لے	ہو جا اللہ کے حوالے
باقی نہ یہاں کوئی رہیگا	وہ پھر وہی تھا وہی رہیگا
اور اسکی بقا میں کوئی حادث	ہوتا ہی نہیں فنا کا باعث
صورت دلکش نظر جو آئے	اسکو تجھ سے فلک چھڑائے
دل اُس سے ملا ذرا ملیگا	جو ساتھ ہی تیرے ور رہیگا
وہ وقت گیا گیا زمانا	قبلہ بتانے کو بنانا
دل پر اسکے فراق و غم کا	پورا ہوا حوصلہ رستم کا

ہے بے مقصد جمال جاودانی
بیزار ہوں تجھ سے حسن فانی

رباعی

چیزیکه نه روی در بقا باشی ازو — آخر هدف تیر فنا باشی ازو
از هر چه بمردگی جدا خواهی شد — آن به که بزندگی جدا باشی ازو

رباعی

ای خواجه اگر مال و اگر فرزند است — پیداست که مدة بقایش چند است
خوش آنکه دلش بدلبری دربند است — کش با دل و جان ازل دل پیوند است

لائحه

جمیل علی الاطلاق ذو الجلال و الافضال است هر جمال و کمال که در جمیع مراتب ظاهر است پرتو جمال و کمال اوست - آنجا تافته و از تافته مراتب بدان سمت جمال وصف کمال یافته - هر کرا دانائی دانی اثر دانائی اوست - و هر کجا بینائی بینی ثمره بینائی او است

گر تو رہے لا بقا پہ مائل — ہو گا تیر فنا کا گھائل
مر کر تو جدا ہو گر کسی سے — چھوڑ اسکو تو اپنے جیتے جی سے
زر ہی ترے پاس یا کہ فرزند — ظاہر ہو کہ وہ رہینگے تا چند
خوش دل ہو وہ جان دل سے اپنے — ملجائے جو جا کے اہل دل سے

تجلی پانچوین

ایسا ہے جمیل میرا صاحب — اطلاق اسکے لئے ہو واجب
اور ہی وہی ذو الجلال و افضال — رکھتا نہین کوئی اسکی تمثال
جس شئے مین جو ہی جمال ظاہر — جس چیز مین ہو کمال ظاہر
اسکے ہی جمال کا ہی یہ ضو — اسکے ہی کمال کا ہی پرتو
سب جا روشن ہی نور اسیکا — ہر ایک مین ہی ظہور اسیکا
کوئی دانا یہان اگر ہے — اسکی دانائی کا اثر ہے
آئے جو تری نظر مین بینا — اسکی بینائی کا ہی ثمرا

وبالجمله همه صفات اوست که از اوج کلیت و اطلاق تنزّل فرموده - ور حضیض جزئیت و تقیید تجلی نموده - تا تو از جزو به کل راه بری - و از تقیید باطلاق روی آوری نه آنکه جزو را از کل ممتاز دانی و بمقید از مطلق باز مانی -

رباعی

رفتم به تماشای گل آن شمع طراز | چون دید میان گلشنم گفت بناز
من اصلم و گلهای چمن فرع من است | از اصل چرا بفرع میمانی باز

جتنے مطلق صفات ہین کل
جزوی مین فرو دیا گئے ہین
اسدؔ تجھسے یہی ہے امید
اس جزو سے کل کی راہ لینا
جزو و کل مین نہین اُلجھنا
تقیید مین یون تو پہ بجائے

کلی سے گئے ہین یان تنزل
تقیید جہان مین آ گئے ہین
اطلاق مین جا تو چھوڑ تقیید
اس گنج کو ہاتھ سے نہ دینا
دونون کو بس ایک ہی سمجھنا
مطلق سے کہین تو رہ نہ جائے

کرتا تھا گلون کا مین تماشا
اس باغ مین شمرو نے دیکھا
بولا وہ عجب ادا سے مجکو
سوجھی کیا اس چمن مین تجکو
مین جز ہون یہ گل ہین میری ڈالی
جز چھوڑ کے شاخ کی ہوا لی

رباعی

از لطفِ قد و صباحت پیچ گنی ‌‌‌‌ ‌ در سلسلۂ زلف مجعد چہ کنی
از ہر طرفے جمال مطلق تابان ‌ ای بیخبر از حسن مقید چہ کنی

لائحہ ششم

آدمی اگرچہ بسبب جسمانیت در غایتِ کثافت است اما بحسب روحانیت در نہایت لطافت است بہرچہ روئے آرد حکمِ آن گیرد۔ و بہ ہرچہ توجہ کند رنگ آن پذیرد ولہذا حکما گفتہ اند

چون نفسِ ناطقہ بصور مطابق حقائق متجلی شود و باحکام صادق آن متحقق گردد

لطف قامت سے کیا ملیگا　　　اچھی صورت کو کیا کریگا
کیون زلف کے سلسلہ مین اُلجھا　　　کیون مار کو یار اپنا سمجھا
ہوگا نہ تیرا نہ یہ ہوئیگا　　　نادان یہ حُسن سے ہے مقید
حُسن اسکا ہے ہر طرف نمایان　　　مطلق ہے جمال جسکا تابان

تجلی چھٹی

انسان سے ہے جسم مین کثافت　　　ہے روح کی وجہ سے لطافت
جس سمت ہوا اگر یہ مائل　　　کرتا ہے اُسی کا حکم حاصل
جس چیز پہ دلسے آئیگا وہ　　　اس چیز کا رنگ لائیگا وہ
حکما نے یہ قول جو کہا ہے　　　بالکل وہ درست ہے بجا ہے
ق
صورتین مطابق حقایق　　　ظاہر ہو جبکہ نفس ناطق
احکام اسکے ہون حقیقتی صادق　　　تحقیق سے آئین جب موافق

صادرت کانها الوجود کله وایضا

عموم خلائق بواسطۂ شدت اتصال بدین صورت جسمانی وکمال اشتغال بدین پیکر ہیولانی چنان شده اند که خود را ازان باز نمی دانند و امتیاز نمی توانند

وفی المثنوی المولوی قدس سره

ای برادر تو ہمین اندیشۂ	مابقی تو استخوان و ریشۂ
گر گلست اندیشۂ تو گلشنی	ور بود خارے تو ہیمہ گلخنی

پس باید که بکوشی و خود را از نظر خود بپوشی و بر ذاتی اقبال کنی و بحقیقتے اشتغال نمائی که درجات موجودات ہمہ مجالی جمال او یند و مراتب کائنات مرای کمال او و برین نسبت چندان مداومت نمائی که با جان تو در آمیزد

صارت کا منبع الوجود کل ہے | پس ہو گیا کل وجود بالکل
جسم و پیکر ہر عالم خلقت | شدت سے ہوئی ہے جو حقیقت
آتی نہیں اس سے باز ہرگز | رکھتی نہیں امتیاز ہرگز

ر

مضمون یہ جناب مولوی کی
ظاہر ہے کتاب مثنوی سے

اس فکر میں ہو تو اے برادر | ہادی بیٹھے ہیں تیر اسکے
گل کی جو ہے وہ ہی بو تو گلشن | کانٹا ہی تو بن گیا ہے گلشن
لازم کوشش ہے تجھکو ایسا | اپنی ہی نظر میں آپ چھپا
بہتر ہے جسکی ذات کا وہم | ہو اسکی حقیقتوں سے مہم
یعنی اشیاء جہان کی ساری | ہیں جلوہ گہ جمال باری
عالم کے مراتب اور درجات | اسکے ہی کمال کے ہیں آیات
کچھ بن نسبت پہ سکھے ہم | یا شان کہو تیری جان عالم

و هستی تو از نظرِ تو برخیزد. اگر بخود در روئے آوری روئے با او آورده باشی. و چون از خود تعبیر کنی. تعبیر ازو کرده باشی. مقید مطلق شود. و انا الحق هو الحق گردد.

رباعی

گر در دل تو گل گذرد گل باشی
ور بلبل بیقرار بلبل باشی
تو جزوی و حق کلست اگر روزی چند
اندیشۂ کل پیشه کنی کل باشی

رباعی

زآمیزش جان و تن توئی مقصودم
وز مردن و زیستن توئی مقصودم
تو دیر بزی که من برفتم ز میان
گر من گویم ز من توئی مقصودم

ہستی کا تری ہوا اثر کچھ
تجکو نہ ہے تری خبر کچھ

اپنی جانب جو رخ ہو تیرا
اسکی ہی طرف وہ رخ رہیگا

جس بات کو تو کہے کہ میری
وہ بات اسیکی ہو نہ تیری

تہا وہ جو مقید اب ہو مطلق
ہو جائے انا الحق اب ہو الحق

گل کی وہن تو بنگیا گل
بلبل کا ہی دہیان تو ہی بلبل

تو جزو ہے اور کل خدا ہے
اس جزو سے کل کہان جدا ہے

اس فکر مین تو اگر رہے گا
گل کی وہن ہی مین گل بنیگا

جب دم تن جان سے ملا ہے
تو ہی مقصد مرا بنا ہے

باقی تو رہے مین افنا ہون
خود آپ مین آپ کہو گیا ہون

مرنا جینا جو کچھ مرا ہے
تو ہی تو اس سے مدعا ہے

کہتا ہون جو مین یہ مین ہی تیری
مین سے تو ہی غرض ہے میری

رباعی

کی باشد کی لباس هستی شده شق | تابان گشته جمال وجه مطلق
دل در سطوات نور او مستهلک | جان در غلبات شوق او مستغرق

لائحه هفتم

ورزش این نسبت این شریفه می باید کرد بـ
وجهیکه در هیچ وقتی از اوقات وحالتی
ازان حالات خالی نباشی چه در آمدن و
رفتن وچه در خوردن وخفتن- وچه در شنیدن
وگفتن- وبالجمله در جمیع حرکات وسکنات
حاضر وقت می باید بود- تا ببطالت نگذرد و
بلکه واقف نفس باشی تا بغفلت
بر نیاید-

ہستی کا کہیں لباس شوق — چمکے جس سے جمال مطلق
دل محوِ تجلیِ خدا ہو — جان اسکے ہی شوق میں فنا ہو

تجلی ساتویں

نسبت کی بڑھا کے دل میں خواہش — لازم ہی کہ اسکی رکھے ورزش
یعنی کوئی وقت کوئی حالت — اس سے خالی رہے نہ نسبت
سوتے کھاتے اور آتے جاتے — باتیں سنتے بھی اور سناتے
جملہ حرکات ہوں کہ سکنات — مصروف رکھو ان میں اپنی اوقات
یادِ حق سے نہ ہو تو باہر — ناظر ودید وسنے دل سے حاضر
اپنے ہر دم پہ ہوش رکھنا — حق کی باتوں پہ گوش رکھنا
اس بات میں اب نہ کاہلی کر — غفلت سے یہاں نہ جاہلی کر
خالی کوئی دم نکل نہ جائے — اس رہ سے قدم پھسل نہ جائے

رباعی

رخ گرچه نمی نمائیم سال بسال ... حاشا که بود مهر ترا بیم زوال
دارم همه جا با همه کس در همه حال ... در دل ز تو آرزو و در دیده خیال

لائحهٔ هشتم

همچنانکه امتداد نسبت مذکوره بحسب شمول جمیع اوقات و ازمان واجبست همچنین ازدیاد کیفیت آن بسبب تعری از ملابس اکوان و تبری از ملاحظهٔ صور امکان اهم مطالبست و آن جز بجهدی بلیغ و جدی تمام و نفی خواطر و اوهام میسر نگردد۔

یون تو ہر سو ن ہی محجوب پنہان | پر چھپ سکا وہ مہر تابان
ہرگز مرے وہم تک نہ آئے | یعنی وہ کبھی زوال پائے
ہر دم ہر اک سے اور ہر جا | تیری صورت کا ہی تماشا
آنکھون مین ہی دلمین ہی تو مری جان | تیرا ہی خیال تیرا ارمان

تجلی آٹھوین

حاصل کرنے مین ایسی نسبت | جیسی واجب ہی تجکو مدت
جسمین اک پل نہ رایگان ہو | بیگانہ نہ تو کسی زمان ہو
ساتھ اسکے بڑہا تو کیفیت کو | قائم رکھ ایسی حیثیت کو
دہندے دنیا کے چھوڑ دینا | منہ سکل جہان سے موڑ لینا
جیسی نسبت اتم ہو تجکو | کیفیت بھی اہم ہو تجکو
وہم اور خطرونکو دور کر دے | دل کو بس نور سے بھر لے
جد و جہد اسمین کر تو کامل | بے کوشش یہ ہو گا حاصل

هرچند خواطر متفرق‌تر و وساوس متحقق‌تر آن نسبت قوی‌تر۔ کوشش می‌باید کرد تا خواطر متفرقه از ساحت سینه خیمه بیرون زند۔ و نور ظهور هستی حق سبحانه بر باطن پرتو افگند ترا از تو برهاند۔ و از مزاحمت اغیار برهاند۔ نه شعور بخودت ماند و نه شعور بعدم شعور۔

بل لم یبق الا الله الواحد الاحد

رباعی

یا رب یا رب ز دست کژ رویی خود در بیم
در هستی خود مرا از خود بیخود کن
اندیشه به بیم و ز پریشانی خود در بیم
تا از خودی و بیخودی خود رهم

جیسی نسبت تری قوی ہو
خطرے وسواس مین کمی ہو

کوشش اسمین ضرور کرنا
دل سے خطرونکو دور کرنا

تا ہستی حق ظہور پائے
جس سے دل تیرا نور پائے

تجکو تجھسے وہ چھین لیگا
غیروں سے تجھے چھڑا ہی دیگا

باقی تجھ مین رہے نہ پھر ہوش
اس ہوش سے بھی تو ہو فراموش

یکتا ہی وہی وہی صمد ہے
واحد ہی وہی وہی احد ہے

یارب ہو مدد کہ مین ہون عاصی
اِس میری دوئی سے دے خلاصی

بد سے چھوٹون بد ہی سے نکلون
اپنے سے اور خودیسے نکلون

خود سے بیخود مجھے بنا کر
اپنی ہستی مین تو فنا کر

کچھ کام رکھون نہ پھر کسی سے
باز آؤن خودی و بیخودی سے

رباعی

آنرا که فنا شیوه و فقر آئین است — نی کشف و یقین نه معرفت نی دین است
رفت او ز میان همین خدا ماند خدا — الفقر اذا تم هو الله این است

لائحه نهم

فنا عبارت از آنست که بواسطه استیلاء ظهور هستی حق بر باطن به ماسوای او شعور نماند و فناء فنا آنکه بآن بیشعوری هم شعور نماند و پوشیده نباشد که فناء فنا در فنا مندرج است زیرا که صاحب فنا را اگر به فناء خود شعور باشد صاحب فنا نباشد بجهت آنکه صفت فنا و موصوف آن از قبیل ماسوای حق اند سبحانه پس شعور بآن منافی فنا باشد

جسدم حبکا فنا ہو شیوہ — اور فقر بھی اسکا ہو طریقہ
کیا کام ہے کشف اور یقین سے — کیا واسطہ معرفت سے دین سے
جب آپ سے خود وہ کھو گیا ہی — باقی اللہ اللہ ہی ہو گیا ہے
ارشاد نبیؐ یہ حق ہے واللہ — ہی فقر کی انتہا ہو اللہ

تجلی نویں

عارف کی غرض یہی فنا سے — رکھے نہ شعور ماسوا سے
باطن پہ ظہور حق کی شدت — جب تو ہے ماسوا سے غفلت
جب ایسی فنا کی بھی فنا ہو — تمیز کا پھر نہ حوصلہ ہو
ہی درج فنا۔ فنا فنا کی — صورت ہی یہی فنا بقا کی
فانی کو فنا کا ہوش اگر ہے — وہ اصل فنا سے بیخبر ہے
ایسے فانی کو اس فنا کو — اللہ کے ماسوا ہے جا تو
باقی ہوا گر فنا میں تمیز — پھر ایسی فنا فنا ہے ناچیز

رباعی

زین سان کہ بقاء خویشتن میخواہی | از خرمن ہستیت جوی نگاہی
تا یکسر مو ز خویشتن آگاہی | گردم نزنی از رہ فنا گمراہی

لائحہ دہم

توحید یگانہ گردانیدن دلست۔ یعنی تخلیص و تجرید او از تعلق بما سوائے حق سبحانہ ہم از روئے طلب و ارادت و ہم از جہت علم و معرفت یعنی طلب و ارادتش از ہمہ مطلوبات و مرادات منقطع گردد و ہمہ معلومات و معقولات از نظر بصیرت او مرتفع شود۔ از ہمہ روئے توجہ بگرداند و بغیر حق سبحانہ تعالیٰ آگاہی و شعورش نماند

گر اپنی بقا فنا میں چاہے / تو گرد فنا کو بھی ہٹا دے
اور ایسی فنا سے تیری ہستی / اک دانہ جو بھی کم نہو گی
جبتک اک بال بھی برابر / باقی تجھ میں شعور ہو گر
فانی ہرگز نہیں تو واللہ / ہے بلکہ رہ فنا سے گمراہ

تجلی دسوین

توحید کا اصل ہے یہ معنیٰ / اس دلکو بنا دے یگانہ
یعنی دل کو لگا خدا سے / منھ موڑ لے حق کے ماسوا سے
دنیا کے ارادے اور طلب سے / دل پھیر لے الغرض تو سب سے
اشیاء جہان ہون جتنے معلوم / معروف جو کام ہون کہ مفہوم
جو عقل میں علم میں ہون تیرے / دلکی آنکھونکو اس سے پھیرے
مطلوب بنا خدا کو اپنے / مرغوب بنا خدا کو اپنے
دنیا پہ نہ التفات کرنا / ہر دم دم اپنے رب کا بھرنا

رباعی

توحید بعرف صوفی ای صاحب سیر — تخلیص دل از توجه اوست بغیر
رمزی ز نهایت مقامات طیور — گفتم تو گر فهم کنی منطق طیر

لائحہ پانزدہم

تا دام که آدمی بدام هوا و هوس گرفتار است
دوام این نسبت ازوی دشوار است
اما چون آثار جذبات لطف در وی ظهور کند
و شغله محسوسات و معقولات
را از باطن وی دور افگند لذاذات
غلبه کند بر لذات جسمانی و راحات
روحانی کلفت مجاهده از میان
برخیزد

جز ذاتِ مقدسِ الٰہی | باقی نہ رہے شعور کچھ بھی
توحید یہی ہے عارفوں کی | اور سیر یہی ہے سالکوں کی
توحید رجوع ہے خدا سے | خالی رہے قلب ما سوا سے
اس جا کی ہے رمز سن تو بندے | پر بھی مارین نہ وہان پرندے
ہمنے وہ دکھائی ہے تجھے سیر | کچھ جانے اگر تو منطق الطیر

تجلی گیارہوین

دنیا مین جو یہ ہوا و ہوس ہے | انسان یہ جبتک اسکا بس ہے
دل پہ پھندا پڑا رہیگا | اس نسبت سے جدا رہیگا
پائے جب حق کا لطف اظہار | پیدا جذبات کے ہون آثار
عقل و حس سے جو شغل تھا | اسم باطن سے دور ہوگا
غلبہ لذت کا اس قدر ہو | جسمی لذت سے بیخبر ہو
اور روح کی جسقدر ہو راحت | اسکو بھی بھلائیگی یہ لذت

ولذت مشاهده در جانش آویزد - خاطر از مزاحمت اغیار بپردازد و زبانِ حالش بدین ترانهٔ ترنم آغاز د

رباعی

گای بلبل جان مست بیاد تو مرا
لذات جهان همه بیاد تو مرا

وی مایهٔ غم نیست بیاد تو مرا
ذوقیکه دهد دست بیاد تو مرا

لائحہ دوازدهم

چون طالب صادق مقدمهٔ نسبت جذبه را که الذاذ است بیاد کردن حق سبحانه در خود باز یابد - می باید که تمامی همت را بر تربیت و تقویت آن گمارد - و از هرچه منافی آنست خود را باز دارد و چنان اند

جب پائے مشاہدون کی لذت　　ہو دور مجاہدون کی کلفت
دل مین جب یار جان جاتہ　　اغیار کا پھر پتا کہان ہو
اُس دم بزبان عاشقانہ　　گائے مستی مین یہہ ترانہ

ای یاد مین تیری یہ میری جان　　مثل بلبل ہے مست ہر آن
مین نے تری یاد مین یہہ پایا　　میرے غم کا ہے پست پایا
اس یاد مین ذوق کا یہی حال　　لذات جہان کی سب ہو پامال

تجلی بارہوین

اللہ کی یاد کرتے کرتے　　دم اُسکی طلب کا بھرتے بھرتے
طالب اپنے مین ایسی ہمت　　جب پاکے اُٹھائی اُس سے لذت
لازم ہے بڑہائے اُسمین قوت　　ہارے نہ وہ تربیت مین ہمت
جو چیز کہ اسمین آکے حائل　　اُس جیسے ہو کبھی نہ مائل
اس بات کو سچ ویسے مانے　　اور اپنے یقین سے پہچانے

که اگر فی المثل عمر جاودانی صرف آن نسبت کند هیچ نکرده باشد و حق آن کما ینبغی بجا نیاورده۔

رباعی

بر عود دلم نواخت یک زمزمه عشق
زان زمزمه ام ز پای تا سر همه عشق
حقا که بعهدها نیایم بیرون
از عهده حق گذاری یکدمه عشق

لائحہ سیزدہم

حقیقت حق سبحانه جز هستی نیست و هستی او را انحطاط و پستی نیست مقدس است از سمت تبدل و تغیر۔

مثلاً گر عمر جاودانی — کی صرف بھی ہمین مجھکے فانی
سمجھے نسبت شتے پائی — دولت ابتک نہ ہاتھ آئی
اس کام کا حق بجا نہ لایا — پورا کرنا مجھے نہ آیا

مین کیا کہون عشق نے کیا کیا — دل کی پردون کو جسکی چھیڑا
دیکھو تو اثر ہے زمزمے کا — مین بن گیا عشق خود سراپا
